# سیشن نمبر 2:

# اپنے کاروبار کو سمجھیں (Understand Your Business)

## سیشن کے مقاصد و موضوعات (Objectives and Topics)

| مقاصد | موضوعات |
|---|---|
| اس سیشن میں آپ:<br>▪ عام کاروبار، ڈیجیٹل کاروبار اور ماحول دوست کاروبار کے بارے میں جانیں گے<br>▪ کاروبار ک اہم مرحلے کے بارے میں جانیں گے<br>▪ کاروبار کو رجسٹر کروانے کے طریقوں اور اہم دستاویزات یا لائسنس کی وضاحت کر سکیں گے | ▪ کاروبار کے بنیادی تصورات<br>▪ کاروبار کے مراحل<br>▪ ڈیجٹل اور ماحول دوست کاروبار<br>▪ کاروبار کی رجسٹریشن<br>▪ کاروبار کے ضروری لائسنس |

## مشق: اپنا وطن اپنا کاروبار (ہر درست جواب کے 2.5 نمبر اور کل 20 نمبر)

اصغر ایک مہینہ پہلے ہی جرمنی سے مستقل طور پر واپس لوٹ آیا ہے۔ اس نے وہاں تقریباً دس سال کام کیا اب وہ پاکستان میں ہی رہ کر اپنا کنسٹرکشن کاروبار شروع کرنا چاہتا ہے۔ جرمنی میں ماہرین کے ساتھ کام کر کے اصغر کافی تجربہ حاصل کر چکا ہے۔ وہ بہت تجربہ کار مستری ہے، اپنی محنت اور لگن سے اچھی آمدن کما سکتا ہے۔ اصغر کی کہانی پڑھ کر اگلے دو کالم میں دیئے گئے سوالات کے درست جواب کا چناو کریں:

| اصغر کے اہم کام | یہ کاروبار کے دائرے کا کونسا مرحلہ ہے؟ | ان کاموں سے اصغر کو اپنے کاروبار میں آپ کو کیا فائدہ ہو گا |
|---|---|---|
| ▪ اصغر نے اپنے کاروبار کا آغاز کچھ اس طرح کیا کہ وہ امقررہ وقت پر ٹھیہ پر آجاتا تھا لوگ وہاں اسے کام پر لے جاتے تھے۔<br>▪ جیسے ہی اس کے کام میں اضافہ ہوا تو اس نے اپنے ساتھ ایک اور مستری شامل کر لیا۔ | ☐ پہلا<br>☐ دوسرا<br>☐ تیسرا<br>☐ چوتھا | ☐ کاروبار چن سکے گا<br>☐ وسائل جمع کرے گا<br>☐ کاروبار شروع کرے گا<br>☐ کاروبار بڑھائے گا |

| ان کاموں سے اصغر کو اپنے کاروبار میں آپ کو کیا فائدہ ہو گا | یہ کاروبار کے دائرے کا کونسا مرحلہ ہے؟ | اصغر کے اہم کام |
|---|---|---|
| | | ▪ اگر کوئی اوزار خراب ہو تا تو وہ فوراً اسے ٹھیک کرواتا تاکہ اس کے کام کا حرج نہ ہو وہ تمام وسائل کو بہتر طریقے سے استعمال کرتا تاکہ کم لاگت آئے۔ |
| ☐ کاروبار چن سکے گا<br>☐ وسائل جمع کرے گا<br>☐ کاروبار شروع کرے گا<br>☐ کاروبار بڑھائے گا | ☐ پہلا<br>☐ دوسرا<br>☐ تیسرا<br>☐ چوتھا | ▪ اصغر نے اپنے علاقے کا جائزہ لیا تو پتہ چلا کہ پاس ہی ایک ہاؤسنگ سوسائٹی بن رہی ہے اور ارد گرد کچھ ریت، بجری، سیمنٹ اور شٹرنگ کے ٹھیے ہیں۔<br>▪ وہاں مزدوری کرنے والے تو ہیں لیکن پیشہ ور مستریوں کی کمی ہے۔<br>▪ اصغر نے تمام ضروری معلومات جمع کیں۔ |
| ☐ کاروبار چن سکے گا<br>☐ وسائل جمع کرے گا<br>☐ کاروبار شروع کرے گا<br>☐ کاروبار بڑھائے گا | ☐ پہلا<br>☐ دوسرا<br>☐ تیسرا<br>☐ چوتھا | ▪ وہ اپنے حساب کتاب کا بہت خیال رکھتا ہے۔ اس نے ایک رسید بک چھپوائی ہے جس کو پیسوں کی وصولی اور ادائیگی کے وقت استعمال کرتا ہے۔<br>▪ اجرات کے ساتھ ساتھ اسے چھوٹے چھوٹے ٹھیکے بھی ملنے لگے اس طرح وہ ہر ہفتے ان رسدوں کی مدد سے اپنا حساب کتاب رکھتا ہے۔ وہ ہر روز اپنے کھاتوں کو مکمل کرکے حساب بند کرتا ہے۔<br>▪ اصغر نے اپنے کاروبار کی مشہوری کے لیے فیس بک پیج بنایا، بینرز لگائے اور خود بھی لوگوں سے ملتا رہتا۔ |
| ☐ کاروبار چن سکے گا<br>☐ وسائل جمع کرے گا<br>☐ کاروبار شروع کرے گا<br>☐ کاروبار بڑھائے گا | ☐ پہلا<br>☐ دوسرا<br>☐ تیسرا<br>☐ چوتھا | ▪ اس نے کاروبار کے ضروری وسائل کی ایک الگ لسٹ تیار کی جس میں جگہ، بنیادی سہولیات، اوزار، بورڈ اور کرسی وغیرہ شامل ہوتی ہے۔<br>▪ اس نے مارکیٹ سے ان کے متعلق معلومات حاصل کی کہ کہاں سے مناسب ریٹ پر اچھا تعمیراتی سامان اور اوزار مل سکتے ہیں۔<br>▪ ہاؤسنگ سوسائٹی میں مناسب جگہ کا انتخاب کیا اور وہاں اپنا ٹھیہ بنایا۔ |

## مشق کا درست جواب یا Key:

| اصغر کے اہم کام | یہ کاروبار کے دائرے کا کونسا مرحلہ ہے؟ | ان کاموں سے اصغر کو اپنے کاروبار میں آپ کو کیا فائدہ ہو گا |
|---|---|---|
| ▪ اصغر نے اپنے کاروبار کا آغاز کچھ اس طرح کیا کہ وہ امقررہ وقت پر ٹھیہ پر آجاتا تھا لوگ وہاں اسے کام پر لے جاتے تھے۔<br>▪ جیسے ہی اس کے کام میں اضافہ ہوا تو اس نے اپنے ساتھ ایک اور مستری شامل کر لیا۔<br>▪ اگر کوئی اوزار خراب ہو تا تو وہ فوران اسے ٹھیک کرواتا تا کہ اس کے کام کا حرج نہ ہو وہ تمام وسائل کو بہتر طریقے سے استعمال کر تا تا کہ کم لاگت آئے۔ | ☐ تیسرا | ☐ کاروبار شروع کرے گا |
| ▪ اصغر نے اپنے علاقے کا جائزہ لیا تو پتہ چلا کہ پاس ہی ایک ہاؤسنگ سوسائٹی بن رہی ہے اور ارد گرد کچھ ریت، بجری، سیمنٹ اور شٹرنگ کے ٹھیے ہیں۔<br>▪ وہاں مزدوری کرنے والے تو ہیں لیکن پیشہ ور مستریوں کی کمی ہے۔<br>▪ اصغر نے تمام ضروری معلومات جمع کیں۔ | ☐ پہلا | ☐ کاروبار چن سکے گا |
| ▪ وہ اپنے حساب کتاب کا بہت خیال رکھتا ہے۔ اس نے ایک رسید بک چھپوائی ہے جس کو پیسوں کی وصولی اور ادائیگی کے وقت استعمال کرتا ہے۔<br>▪ اجرات کے ساتھ ساتھ اسے چھوٹے چھوٹے ٹھیکے بھی ملنے لگے اس طرح وہ ہر ہفتے ان رسدوں کی مدد سے اپنا حساب کتاب رکھتا ہے۔ وہ ہر روز اپنے کھاتوں کو مکمل کر کے حساب بند کرتا ہے۔<br>▪ اصغر نے اپنے کاروبار کی مشہوری کے لیے فیس بک پیج بنایا، بینرز لگائے اور خود بھی لوگوں سے ملتا رہتا۔ | ☐ چوتھا | ☐ کاروبار بڑھائے گا |
| ▪ اس نے کاروبار کے ضروری وسائل کی ایک الگ لسٹ تیار کی جس میں جگہ، بنیادی سہولیات، اوزار، بوڑد اور کرسی وغیرہ شامل ہوتی ہے۔<br>▪ اس نے مارکیٹ سے ان کے متعلق معلومات حاصل کی کہ کہاں سے مناسب ریٹ پر اچھا تعمیراتی سامان اور اوزار مل سکتے ہیں۔<br>▪ ہائوسنگ سوسائٹی میں مناسب جگہ کا انتخاب کیا اور وہاں اپنا ٹھیہ بنایا۔ | ☐ دوسرا | ☐ وسائل جمع کرے گا |

## کوئز:(ہر درست جواب کا 1 نمبر کل 4 نمبر):

| آپ کا جواب | سوال |
|---|---|
| ☐ درست<br>☐ غلط | 1. کاروبار عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کیا جاتا ہے؟ |
| ☐ پیداوار<br>☐ -----------<br>☐ تجارت | 2. کاروبار کی تین بنیادی اقسام یہ ہیں: |
| ☐ درست<br>☐ غلط | 3. ڈیجیٹل کاروبار ایک باقاعدہ دکان یا جگہ کے بغیر ممکن نہیں؟ |
| ☐ درست<br>☐ غلط | 4. ماحول دوست کاروبار وہ ہیں جن سے منافع بھی ملے اور ماحول کو بھی کوئی نقصان نہ ہو؟ |
| ☐ پاسپورٹ<br>☐ این ٹی این<br>☐ شناختی کارڈ | 5. واحد ملکیتی کاروبار کی رجسٹریشن کے لیے ضروری ہے: |

## کوئز کا درست جواب یا Key:

| درست جواب | سوال |
|---|---|
| ☐ غلط | 1. کاروبار عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کیا جاتا ہے؟ |
| ☐ خدمات | 2. کاروبار کی تین بنیادی اقسام یہ ہیں: |
| ☐ غلط | 3. ڈیجیٹل کاروبار ایک باقاعدہ دکان یا جگہ کے بغیر ممکن نہیں؟ |
| ☐ درست | 4. ماحول دوست کاروبار وہ ہیں جن سے منافع بھی ملے اور ماحول کو بھی کوئی نقصان نہ ہو؟ |
| ☐ این ٹی این<br>☐ شناختی کارڈ | 5. واحد ملکیتی کاروبار کی رجسٹریشن کے لیے ضروری ہے: |